Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۲ ربیع الاول ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۹ ستمبر ۱۹۲۶ء	نمبر ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	[illegible]	۲۵۱
۲	[illegible]	۱
۳	[illegible]	۳۲۲
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۳۲۳
۶	[illegible]	[illegible]
۷	[illegible]	[illegible]
۸	[illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	//
۱۰	[illegible]	۵۲۳
۱۱	[illegible]	۵
۱۲	[illegible]	//
۱۳	[illegible]	//
۱۴	[illegible]	۲۰۵
۱۵	[illegible]	۷
۱۶	[illegible]	[illegible]
۱۷	[illegible]	[illegible]
۱۸	[illegible]	[illegible]
۱۹	[illegible]	[illegible]
۲۰	[illegible]	[illegible]
۲۱	[illegible]	[illegible]

روبکار محکمہ عالیہ اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۴ ستمبر ۱۹۲۶ء

حافظ حمید الرحمن عرف حافظ [illegible] ٹھیکہ دار فروخت سامان عرب کے کام [illegible] بند اسکا ٹھیکہ قائم کیا جاتا ہے۔ اور حافظ حضرت [illegible] حسب [illegible] حضور [illegible] اور [illegible] حضرت [illegible] کی درخواست بھی ہے کہ اگر کوئی خریدار [illegible] ماہ تک [illegible] سامان [illegible] صورت میں [illegible] جانب [illegible] متعلق بر وقت تقسیم تنخواہ وصول کر لیا کرے۔ اور عام باشندہ ریاست سے معرفت پولیس حسب ذیل [illegible] درخواست [illegible] شرط سے منظور کیجاتی ہے کہ جو رقم

ملازمان سرکار کے ذریعہ سے وصول کرائے جائینگے - سپر کمیشن بحساب پانچ فیصدی بحق ریاست لیا جائیگا ٹھیکہ دار اپنا ال خرید سامان کی رسید ساتھ عینہ منظوری کے حاکم اعلےٰ کے اجلاس مین پیش کیا کریگا - نیز چونکہ حضرت نور کرنے یہ کام لیا ہے - لہذا انکی یہ درخواست بھی منظور کیجاتی ہے کہ سامان آنے سے چھ ماہ بعد سے کمیشن مذکورہ لیا جائے -

حکم ہوا کہ

ایک نقل مع شرائط باجلاس نواب ولیعہد بہادر مرسل ہو - کہ حسب ضابطہ تحقیقات مین اطلاع دیجائے - اور ایک ایک نقل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر - صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر - اور سردار صاحب [illegible] کے پاس مرسل ہو - ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

شرائط

ٹھیکہ فروخت سامان حرب اُس مدت کیلئے دیا جاتا ہے جبتک لائسنسدار کی جانب سے کوئی بے عنوانی سرزد نہ ہو اگر سال کے دوران مین بے عنوانی لائسنسدار کی جانب سے سرزد ہوگی تو ریاست کو اختیار ہوگا کہ لائسنس ضبط کرکے دوسرا لائسنسدار مقرر کرے اس صورت مین جو سامان لائسنسدار کے پاس ہوگا وہ جدید لائسنسدار کو بقیمت دلوا دیا جائیگا -

۱- لائسنس کی میعاد ۳۰ر ستمبر کو ختم ہوگی - اور اس تاریخ سے آئندہ سال کیلئے دوسرا لائسنس حاصل کرلینا چاہئے - تاوقتیکہ لائسنس حاصل نہ کرلیا گیا ہو لائسنسدار اس سال مین فروخت کرنیکا مجاز نہ ہوگا -

۳- لائسنس کی فیس سالانہ دس روپیہ ہے جو بذریعہ اسٹامپ ریاست درخواست تجدید لائسنس کی سالانہ داخل کرنا ہوگی - تجدید کی درخواست کیلئے ساتھ ریاست کا اسٹامپ تعدادی ۴ر بھی شامل کرنا ہوگا -

۴- لائسنسدار سامان حرب صرف ایسے اشخاص کے ہاتھ سامان فروخت کریگا جو ریاست کے لائسنسدار ہوں - یا لائسنس سے مستثنیٰ ہوں - اور جنکی فہرست اسکو سررشتہ پولیس سے ملیگی -

۵- لائسنسدار کو سامان حرب کا مکمل رجسٹر رکھنا ہوگا - اور ہر ماہ کے پہلے ہفتہ مین کوتوال صاحب شہر کو معائنہ کرانا ہوگا - کوتوال صاحب معائنہ کی ایک نقل دارالانشا مین بھیجینگے -

۶- اگر لائسنسدار کسی ایسے شخص کے ہاتھ سامان فروخت کریگا جو نہ لائسنسدار ہو نہ مستثنیٰ ہو تو مستوجب جرمانہ ہوگا جسکی تعداد پچاس روپیہ تک ہوسکتی ہے -

۷- ایک لائسنسدار یا مستثنیٰ صاحب ایک سال مین چار سو کارتوس بھرے ہوئے جسمین پچیس کارتوس ریوالور کے شامل ہین - دو سو کارتوس خالی - ایکہزار ٹوپیان دس سیر بارود تک خرید سکتے ہین -

لائسنسدار سامان حرب کو یہ بات مد نظر رکھنا چاہئے کہ کسی لائسنسدار یا مستثنیٰ صاحب کے ہاتھ ایک سال کے اندر اس مقدار سے زیادہ سامان بلا اجازت خاص نہ فروخت کرے - اور لائسنس کی پشت پر جسقدر سامان کوئی لائسنسدار خرید کرے درج ہونا چاہئے - اور مستثنیٰ صاحب جسقدر سامان خریدین اسکی اطلاع رپورٹ براہ راست دارالانشا مین بھیجے - فقط

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳ر ستمبر ۱۹۲۶ء

مبنیٰ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت سہ ماہہ ڈاکٹر [illegible] اسپیشل اسسٹنٹ - ۱۲ یوم رعایتی باقی [illegible]

حکم

بکم اگست سے تین ماہ کی رخصت مندرجہ رپورٹ منظور ہے - ۱۲ یوم رعایتی - بقیہ بوضع تنخواہ شمار ہوگی - کاغذات برائے اجرا احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۵ر ستمبر ۱۹۲۶ء

شہر مین اب موٹر بیسکلون کی تعداد زیادہ ہوگئی ہے - چونکہ سواری تیز اور بغیر [illegible] اسلئے بنظر تحفظ جان و مال عامہ خلائق ضرورت ہے کہ مثل سائیکلون کے موٹر سائیکلون کے واسطے بھی قواعد منضبط کردے جائین - لہذا حسب صراحت ذیل احکام صادر کئے جاتے ہین جنکی پابندی آئندہ سے لازمی ہوگی - صیغہ پولیس اور میونسپلٹی پابندی قواعد کے نگران رہینگے -

۱- میونسپلٹی مین جدید رجسٹر کھولا جائے جسمین شہر کی کل موٹر سائیکلین رجسٹر ہون یا سرکاری درج کیجائین -

۲- سرکاری موٹر سائیکلوں پر مثل سرکاری موٹروں کے موٹر خانہ سے نمبر پہنچینگے اور پرائیوٹ موٹر سائیکلوں پر میونسپلٹی سے نمبر ڈالے جائینگے۔ سفید نمبر پینٹ ہونگے اور نمبر کے اوپر لفظ R.R. ہوگا۔

۳- پانچروپیہ سالانہ پرائیوٹ موٹر سائیکل پر فیس رجسٹریشن اور قیمت نمبر اسکے علاوہ فیس لائیسنس کے میونسپلٹی میں وصول ہوا کریگی۔ سرکاری موٹر سائیکل پر فیس رجسٹریشن وغیرہ وصول نہ ہوگی۔

۴- سنگل موٹر سائیکل پر ایک سواری اور سائیڈ کار اگر ہمراہ ہو تو دو سواریاں یعنی ایک سواری موٹر سائیکل پر اور ایک سواری سائیڈ کار پر بیٹھ سکتی ہیں اس سے زیادہ نہ بیٹھیں۔

۵- تعین رفتار اور روشنی کی پابندی تحت احکام موٹر ہوگی۔

۶- بلا حصول لائیسنس باقاعدہ کوئی شخص موٹر سائیکل چلانے کا مجاز نہ ہوگا دار الانشاء سے لائیسنس حاصل ہوگا۔ اور سالانہ تبدیل ہوتا رہیگا وقتاً فوقتاً میونسپلٹی سے موٹر سائیکلوں کا انسپکشن ہوا کریگا۔ سالانہ رجسٹر بدلا جائیگا اور نمبروں کی تجدید ہوگی۔

بصورت عدم پابندی قواعد مندرجہ بالا وہی کارروائی عمل میں لائی جائیگی جو یکہ تانگہ سائیکل وغیرہ کے قواعد میں درج ہے۔ نمبروں کا جو نمونہ میونسپلٹی ملاحظہ میں پیش ہوا ہے وہ مناسب ہے روشنی کے موافق موٹر سائیکلوں اور سائیکلوں پر نمبر ڈالے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ سکریٹری صاحبان بہادر و صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر و سردار صاحب ڈیوڑہی و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا و سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہو طلہ کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو میونسپلٹی سے بذریعہ آواز ذیل منادی کرا دیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

مورخہ ۸ ستمبر ۱۹۲۶ء

سلسلہ روبکار ۹ اگست ۱۹۲۶ء متعلق انتظام فیس رجسٹریشن بائیسکل بطور تتمہ روبکار مذکور حسب صراحت ذیل وضاحت کیجاتی ہے۔

۱- بجائے کپڑے کے مڈگارڈ پر نمبر ڈالنے کے علیحدہ ٹکڑا چادر جست پر نمبر ڈالا جائے اور وہ ٹکڑا پچھلے مڈگارڈ پر پیچوں سے نصب کیا جائے۔ اور قیمت اسکی مالک بائیسکل سے وصول کیجائے۔

۲- فیس رجسٹریشن سرکاری بائیسکلوں پر خواہ فوجی ہوں یا ملکی یا رشتہ معاف کیجائیگی قیمت نمبرا نکی صیغہ جات متعلقہ سے وصول کیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ سکریٹری صاحبان بہادر کے پاس و صاحب بریگیڈ کمانڈر و سردار صاحب ڈیوڑہی و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس و سپرنٹنڈنٹ آفس ہذا و صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہو طلہ کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ میونسپلٹی سے بآواز ذیل منادی کرا دیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

۲۰ جولائی ۱۹۲۶ء کو جلاس ہذا سے احکام جاری ہوئے تھے کہ ہر ماہ کی اول دوشنبہ کو میونسپل بورڈ کے آفس میں میٹنگ ہوا کرے اور جملہ ممبر صاحبان شرکت کیا کریں اور اپنے اپنے حلقہ جات کی اصلاح کیلئے تجاویز پیش کیا کریں۔ معلوم ہوا کہ اسکے بعد سوائے ایک دفعہ کے کوئی میٹنگ منعقد نہیں ہوئی۔ صاحب ہوم سکریٹری بہادر اسکا جواب دیں کہ احکام کی پابندی کیوں نہیں کی گئی۔ چند امور میونسپل بورڈ کے متعلق وضاحت طلب ہیں جو بصراحت درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

۱- جسوقت چیرمین موجود نہ ہوں۔ وائس چیرمین صدارت میونسپل بورڈ کے جلسہ فرائض انجام دینگے۔

۲- ممبران بورڈ اپنے اپنے حلقہ میں جو امور قابل درستی دیکھیں انہیں کمیٹی میں پیش کرینگے۔ بحالت منظوری ان تجاویز پر بذریعہ میونسپلٹی عملدرآمد ہوگا۔ سپرنٹنڈنٹ جمعدار سپاہی وغیرہ محکمہ صفائی ممبران بورڈ کے ماتحت نہ ہونگے۔

۳- اگر میونسپل بورڈ اشیاء پر کوئی نیا ٹیکس جاری کرنا چاہے تو اجلاس ہذا سے منظوری لینا لازم ہوگا۔

۴- اگر بورڈ کسی ملازم میونسپلٹی کو سزا یا جرمانہ دینا چاہے تو تجویز اجلاس ہذا میں

بغرض منظوری بھیجی جائینگی۔

۵- بورڈ کے ہر فیصلہ سے ناراضامندی کا اجلاس اعلےٰ میں اپیل ہو سکیگا۔

۶- ہر میٹنگ کی انعقاد کی اطلاع اور جو جو تجاویز اُنہیں پیش ہوں مع رپورٹ کے اگر یہ تجاویز کسی نئے اسکیم کے متعلق ہوں۔ تو اجلاس ہذا میں آیا کرینگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو کر لکھا جائے کہ اس روبکار کی نقلیں تمام ممبران میونسپلٹی کے پاس بھیجدیں اور اطلاعی رپورٹ اجلاس ہذا میں بھیجیں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب استدعائے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر باتفاق رائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت ٹھیکہ نخاسہ شہر خاص جو اسوقت متعلق حضور تحصیل کے صیغہ نزول میں۔ اور ٹھیکہ کلہ داغی حضور تحصیل و ٹھیکہ آڑھت ذبیحہ واسان تحصیلات و ٹھیکہ آڑھت ذبیحہ در علاقہ حضور تحصیل مع شہر باستثناء کارخانہ جات جو اسوقت متعلق صیغہ نزول ہیں صیغہ مال میں منتقل کیا جانا منظور ہے۔ ٹھیکہ کلہ داغی شہر صیغہ مال یا نزول سے متعلق نہ ہوگا بلکہ وہ متعلق میونسپلٹی رہیگا۔ اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اسکا انتظام کرینگے اور اسکی آمدنی میونسپلٹی میں داخل ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ٹھیکہ نخاسہ شہر کا اگر نزدیب ہو تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اسکا انتظام کریں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

سابق میں۔ حکم جاری کیا گیا تھا کہ افسران ماتحت کسی اہلکار ماتحت کی رخصت اپنے حد اختیار سے منظور کریں تو اسکی اطلاع اجلاس ہذا میں بھی آنا چاہئے

عرصہ تک یہ عمل رہا لیکن اب وہ عمل مسدود ہوگیا چنانچہ احمد رضا خان محرر جزئی تحصیل بلاسپور کی جو رخصت ہائے تحصیل و اجلاس حاکم صاحب صدر سے منظور ہوئیں اُنکی اطلاع اجلاس میں نہیں آئی۔ حکم سابق تلاش سے دستیاب نہیں ہوا لہذا اُس سلسلہ میں تجدیداً یہ حکم اب دیا جاتا ہے کہ آیندہ افسران ماتحت اہلکاران کی رخصت اپنے اختیار کے اندر منظور کریں تو اُنکی اطلاع اجلاس ہذا میں آنا چاہئے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا بخدمت تحصیلداران کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر و صاحب اسسٹنٹ و صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔ ایک نقل فائل یک اجلاس میں چسپان ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم سید حسین اہلمد محافظخانہ صدر من ابتدا ۲۰ اگست سنہ حال بعوض اسد اللہ خان اُمیدوار بعوض پیروی مقدمہ تنخواہ کا تصفیہ باہم اہل درخواست کریگا۔

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر سید مسعود حسین اہلمد کی رخصت ۱۵ یوم بعوض مذکور منظور ہو۔ برائے تعمیل کاغذات ہذا بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مثل نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مرید حسین منشی خوش محمد اہلمد پٹواری بندوبست بوجہ علالت علاوہ رخصت حاصل مابقیہ رعایتی جو ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے شروع ہو کر ۱۱ اگست سنہ ۱۹۲۶ء کو ختم ہو چکی ہے

حکم

کاغذات ہذا بوجہ دیگی صاحب مہتمم بندوبست پیش ہونے۔ بجائے خوش محمد خوشحال محمد اہلمد بندوبست کی تحریر صاحب مہتمم بندوبست نے کی ہے۔ اور یہ لکھا ہے کہ مسمی خوشحال محمد ہے

سپرد مشکل کام بردی وغیرہ کا ہے جو نیا آدمی نہیں چلا سکتا۔ ایسی صورت میں ظہور الحسن کو بجائے غفور الحسن تبدیل کرنے سے اُنکے متعلقہ کام کے خراب ہونیکا اندیشہ ہے۔ لہذا حسب اتفاق صاحب مہتمم بندوبست بتفصیل ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ غفور الحسن اہلمد کی رخصت تین ماہ حسب استدعا انکے بوضع تنخواہ منظور ہے۔ ایام رخصت میں شوکت اللہ خان نائب رجسٹرار تعلقہ ٹانڈہ بتفصیل مشاہرہ وار [illegible] ماہوار باضافہ تین روپیہ ماہوار بجائے غفور الحسن اہلمد بندوبست [illegible] تبدیل کئے جائیں بجائے شوکت اللہ خان نائب رجسٹرار ٹانڈہ کے حشمت علی خان نقلنویس مشاہرہ وار [illegible] باضافہ تین روپیہ ماہوار نائب رجسٹراری پر تبدیل ہو۔ اور بجائے حشمت علی خان نقلنویس کے حسین احمد پسر غفور الحسن اہلمد کو بمشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار تا ختم رخصت غفور الحسن منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ صاحب مہتمم بندوبست نے چند ماہ کے انتظام کی بابت تحریر فرمایا ہے اگر تین ماہ میں غفور الحسن اہلمد بیماری سے صحت پاکر کام پر حاضر ہو تو اس انتظام کی توسیع کی بابت رپورٹ بھیج سکتے ہیں۔ نقل حکم بخدمت صاحب بندوبست ارسال ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صدر تعلقہ ٹانڈہ درباره منظوری رخصت [illegible] مزید دس یوم بوجہ علالت۔ [illegible] صاحب مہتمم بندوبست

حکم

رخصت مزید مطلوبہ [illegible] دس یوم حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۵ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ حاکم صاحب صدر بابت منظوری رخصت دو ماہ صاحبزادہ سید [illegible] خان بہادر نائب محافظ دفتر کلیات بوجہ علالت [illegible] دو ماہ [illegible] تنخواہ رخصتی کرکے اور پانچ روپیہ صاحبزادہ سید منظور حسین خان کے عارضی اضافہ کرکے نائب محافظ دفتر کا کام لیا جائے اور سید منظور حسین خان کی جگہ کے کام کا انتظام [illegible] دفتر صدر کر دیں گے۔ ملاحظہ

رخصتی کر اور پانچ روپیہ سید منظور حسین خان کو در بقیہ تنخواہ [illegible] روپیہ ساہپہ سرکار کئے جائیں۔

حکم

کاغذات پیش ہوئے۔ حسب رائے حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب [illegible] رخصت دو ماہ نائب محافظ دفتر صدر منظور ہے۔ ایام رخصت میں صاحبزادہ سید منظور حسین [illegible] مشاہرہ وار [illegible] ماہوار باضافہ [illegible] ماہوار از تنخواہ نائب محافظ دفتر کام نائب محافظ دفتری انجام دیں۔ اور بجائے صاحبزادہ سید منظور حسین خان حسب رپورٹ محافظ دفتر صدر سے نظیر حسین اپرنٹس بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار دو ماہ کے لئے مقرر کئے جاتے۔ بقیہ [illegible] ماہوار نائب محافظ دفتر رخصتی کو ملیں احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

[illegible] ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل عرضی محمد [illegible] خان اہلمد اجلاس جدید درخواست ۱۳ یوم بوجہ [illegible] درخواست [illegible] از ۱۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

حکم

چونکہ سال رواں [illegible] ۳ یوم کی رخصت حاصل کی ہے۔ لہذا رخصت مطلوبہ ۱۳ یوم [illegible] منظور ہے۔ سررشتہ دار صاحب کو لکھا جائے کہ [illegible] اہلمد اجلاس کے [illegible] کسی [illegible] اُنکو کام کرنے کیلئے [illegible] کام [illegible] نگران رہیں گے کوئی [illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

[illegible] اگست ۱۹۲۶ء

[illegible] حکم [illegible] بنا بر تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر [illegible] مرزا یوسف مہدی کی جو [illegible] روپیہ ماہوار تنخواہ [illegible] ۲۵ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔

مرزا یوسف مہدی [illegible] کام [illegible] یہ تنخواہ انکا [illegible]

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

الاونس

۳۰ / اگست سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ مدرس مکتب کا مکان سکونت منہدم ہو گیا ہے حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد احمد خاں مدرس اول مدرسہ ملک کا تین روپیہ ماہوار الاونس کرایہ مکان ۲۰ / اگست سنہ ۱۹۲۶ء سے مقرر کیا گیا۔ لہذا — حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حافظ احمد حسین مدرس قرآن شریف مدرسہ ملک کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۵ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

انسپکٹر صاحب مدارس نے تسخیر احمد مدرس اول و قدرت اللہ خاں مدرس دوم مدرسہ گھیر جلند رخاں کی شکایت کی ہے کہ اب تک لڑکوں کے پاس کاپیاں تک نہیں ہیں۔ اور جو موجود ہیں ان پر دستخط نہیں ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مدرسین کاپیاں دیکھتے ہی نہیں ہیں۔ لہذا ہر دو مدرسین مذکور پر چار چار آنہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۶ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ولایت علی خاں مدرس اول مدرسہ گھیری تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۰ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے آخر نومبر سنہ ۱۹۲۶ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۸ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بخشیا علی مدرس کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل برخاست کیا گیا۔ اور بجائے اس کے الیاس خاں مدرس مدرسہ ڈوبری تحصیل شاہ آباد مشاہرہ دو روپیہ مدرسہ کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل میں تبدیل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول پنڈت رتن رام ملازم ہائی اسکول کی رخصت دو ماہ بعوض پنڈت بیکا رث منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

حسب پیشی نقشہ رخصت محمد اسمعیل خاں محرر بارچیخانہ ہندوستانی مصدقہ کنٹرولر صاحب کارخانہ جات ذات خاص رخصت رعایتی پندرہ یوم بوجہ علالت اہلیہ بابت ۱ / ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور کی گئی۔

دستخط پرائیویٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار ریاست رامپور از ۷ لغایت ۱۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	یومیہ	از ابتداء	یومیہ	از ابتداء	یومیہ	از ابتداء	یومیہ	از ابتداء	یومیہ	از ابتداء	یومیہ	از ابتداء
۷ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم چہارشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۸ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۹ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم جمعہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۰ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۱ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم یکشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۱۲ ستمبر ۱۹۲۶ء یوم دوشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	½۴۶۴	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ سوم ۱۲ لغایت ۱۸ ستمبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۱۸، ۸ ۱۸	۸ ۱۸	۸ ۱۸	۷ ۱۸	۰	۸ ۱۸	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸ ۱۸، ۷ ۱۸	۸ ۱۸	۸ ۱۸	۸ ۱۸		۹ ۱۸	
نخود کسہ تمیز	۸ ۱۸، ۷ ۱۸	۰	۸ ۱۸	۹ ۱۸		۱۰ ۱۸	
کسہ	۱۰ ۱۸	۰	۱۱ ۱۸	۹ ۱۸		۱۰ ۱۸	
ماش	۶ ۱۸	۶ ۱۸	۰	۵ ۱۸		۵ ۱۸	
مونگ	۴ ۱۸	۰	۰	۴ ۱۸		۵ ۱۸	
مکا	۹ ۱۸	۰	۱۲ ۱۸	۰		۹ ۱۸	
جنئی	۱۱ ۱۸	۰	۱۳ ۱۸	۱۲ ۱۸		۱۱ ۱۸	
کزنی	۱۱ ۱۸	۰	۱۲ ۱۸	۱۰ ۱۸		۹ ۱۸	
عدس	۶ ۱۸	۰	۶ ۱۸	۶ ۱۸		۶ ۱۸	
ارہر	۵ ۱۸	[illegible]	۸ ۱۸	۶ ۱۸		۶ ۱۸	
برنج	۵ ۱۸	۶ ۱۸	۵ ۱۸	۵ ۱۸		۵ ۱۸	
دال نخود	۵ چھٹانک	۱۰ ۱۸	۵ چھٹانک	۱۰ ۱۸		۹ ۱۸	
دال ماش سیاہ	۶ ۱۸	۶ ۱۸	۶ ۱۸	۶ ۱۸		۱۰ ۱۸	
دال مونگ	۱ ۱۸	۱ ۱۸	۱ ۱۸	۱ ۱۸		۱ ۱۸	
قند سفید	۳ ۱۸	۱۲ ۱۸	۱۲ ۱۸	۱۱ ۱۸		۱۲ ۱۸	
نمک لاہوری	۶ ۱۸	۸ ۱۸	۶ ۱۸	۰		۸ ۱۸	
قند سیاہ	۸ ۱۸، ۶ ۱۸	۶ ۱۸	۸ ۱۸	۶ ۱۸		۸ ۱۸	
باجرہ	۱۲ ۱۸	۰	۰			۹ ۱۸	